**02-11-2024**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

**آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ**

**(Music)**

**آداب: خبرنامے کے ساتھ میں اسلم بیگ**

**پہلے اِس وقت کی اہم خبریں**

---

**1 ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے تہواروں کے دنوں میں مسافروں کی سہولتوں اور سفر سے متعلق انتظامات کا جائزہ لینے کیلئے نئی دلّی ریلوے اسٹیشن کا دورہ کیا۔**

**2 جھارکھنڈ اسمبلی انتخابات کیلئے داخل کی گئی نامزدگیاں، واپس لینے کے بعد اب کُل ایک ہزار 211 امیدوار میدان میں رہ گئے ہیں۔**

**3 اکتوبر کے مہینے میں جی ایس ٹی کی وصولی، ابھی تک کی سب سے زیادہ وصولی کے بعد دوسرے نمبر پر رہی۔ یہ وصولی ایک اعشاریہ آٹھ سات لاکھ کروڑ روپے رہی۔**

**4 حکومت نے باوقار، نیشنل یوتھ ایوارڈز 2022-23 کیلئے درخواستیں طلب کی ہیں۔**

**5 دنیا بھر میں گجراتی برادری آج نیا سال منارہی ہے۔**

**6 اور بھارتی بیڈمنٹن کھلاڑی Malvika Bansod اور آیوش شیٹی، جرمنی میں Hylo اوپن بیڈمنٹن ٹورنامنٹ کے سیمی فائنلز میں پہنچ گئے ہیں۔**

**اب خبریں تفصیل سے۔**

**Vaishnaw New Delhi Staion**

**ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے تہواروں کے سلسلے کے دوران مسافروں کی سہولتوں اور سفر سے متعلق انتظامات کا جائزہ لینے کیلئے کَل شام نئی دلّی ریلوے اسٹیشن کا دورہ کیا۔ انہوں نے پلیٹ فارموں پر، ریل گاڑیوں کا انتظار کرتے ہوئے مسافروں سے بات چیت کی۔ کچھ مسافروں نے بتایاکہ بھیڑ بھاڑ سے نمٹنے کے مناسب انتظامات کی وجہ سے پلیٹ فارموں پر پہنچنے میں کوئی دشواری نہیں ہوئی۔**

**جناب ویشنو نے ریلوے حفاظتی فورس RPF اور ریل افسران کی طرف سے کیے گئے انتظامات پر اطمینان کا اظہارکیا۔**

وزیر موصوف نے نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے خوشگوار سفر کیلئے ریلوے افسران کی طرف سے کیے گئے اقدامات کو سراہا۔ جناب ویشنو نے اسٹیشن پر نظم و ضبط برقرار رکھنے میں تعاون دینے پر مسافروں کی بھی ستائش کی۔

جناب ویشنو کے مطابق پچھلے سال بھارتی ریلویز نے دیوالی اور چھٹ پوجا کے دوران چار ہزار پانچ سو سے زیادہ ریل گاڑیاں چلائی تھیں۔ البتہ اِس سال اِن خصوصی ریل گاڑیوں کی تعداد بڑھاکر 7 ہزار 435 کردی گئی ہے۔ انہوں نے کہاکہ 31 اکتوبر تک اِن خصوصی ریل گاڑیوں میں 51 لاکھ لوگوں نے سفر کیا ہے۔

آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے شمالی ریلوے کے تعلقات عامہ کے چیف آفیسر ہمانشو شیکھر اپادھیائے نے کہا:

**S/B Himanshu Shekhar**

**Jharkhand Candidates**

جھارکھنڈ اسمبلی انتخابات کیلئے چناؤ میدان میں کُل ایک ہزار 211 امیدوار ہیں۔ اسمبلی انتخابات کے دوسرے مرحلے کیلئے اپنی امیدواری واپس لینے کا کَل آخری دن تھا۔

81رکنی اسمبلی کیلئے پولنگ دو مرحلوں میں ہوگی۔ پہلے مرحلے میں 43 اسمبلی حلقوں کیلئے ووٹنگ 13 نومبر کو ہوگی۔ پہلے مرحلے میں انتخابی میدان میں 683 امیدوار ہیں جبکہ کل پرچۂ نامزدگی واپس لینے کے بعد دوسرے مرحلے میں 528 امیدوار ہیں۔ دوسرے مرحلے میں 38 اسمبلی حلقوں کیلئے پولنگ 20 نومبر کو ہوگی۔

ووٹوں کی گنتی 23 نومبر کو ہوگی۔x

**Jharkhand Campaigning**

سینئر BJP رہنما اور مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ آج رانچی کا دورہ کریں گے۔ جناب شاہ، BJP رہنماؤں کے ساتھ جھارکھنڈ میں انتخابی تیاریوں کا جائزہ لیں گے۔ جناب شاہ گھاٹ شیلا کے دھال بھوم گڑھ، اور ہزاری باغ کے برکٹّھا میں آج جبکہ چتراکے سِمارا میں کَل انتخابی جلسوں سے خطاب کریں گے۔

اِس دوران جھارکھنڈ میں انتخابی سرگرمیاں تیز ہوگئی ہیں اور برسرِ اقتدار I-N-D-I-A اتحاد اور اپوزیشن NDA لوگوں کو اپنی جانب راغب کرنے کی بھرپور کوشش کر رہے ہیں۔جھارکھنڈ انتخابات میں BJP کے معان انچارج اور آسام کے وزیراعلیٰ ہیمنت بسوا سرما نے کہا ہے کہ اگر BJPاقتدار میں آتی ہے تو وہ ریاست میں شہریوں کا قومی رجسٹر، NRCنافذ کریں گے۔

**Null 0815 Hemant Biswa Sarma**

دوسری جانب کانگریس کے جنرل سکریٹری کے۔سی۔وینوگوپال نے BJP پر آئین مخالف ہونے کا الزام لگایا۔ جناب گوپال نے کہا کہ ان کی پارٹی اس معاملے کو اور بڑے پیمانے پر اٹھائے گی۔

**Null- KC Venugopal**

جھارکھنڈ میں اسمبلی انتخابات دو مرحلوں میں ہوں گے۔ پہلے مرحلے میں 13 نومبر کو جبکہ دوسرے مرحلے میں 20 نومبر کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ ووٹوں کی گنتی 23 نومبر کو ہوگی۔x

**Maharshtra Election**

مہاراشٹر اسمبلی انتخابات کیلئے پرچۂ نامزدگی واپس لینے کی آخری تاریخ چار نومبر ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

**V/C Prarthna**

مہاراشٹر میں، اسمبلی انتخابات کے 288 حلقوں کیلئے 7 ہزار 66 امیدواروں کے پرچے صحیح پائے گئے ہیں۔ ناندیڑ لوک سبھا ضمنی انتخاب کیلئے جانچ پڑتال کے بعد 22 امیدواروں کے پرچے صحیح پائے گئے ہیں۔ پیر تک نامزدگیاں واپس لی جاسکتی ہیں۔ ریاست میں 20 نومبر کو ووٹ ڈالے جائیں گے جبکہ ووٹوں کی گنتی 23 نومبر کو ہوگی۔

مہاراشٹر میں تقریباً 9 کروڑ 10 لاکھ رائے دہندگان ہیں۔

ممبئی سے پرارتھنا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......

**GST Collection**

اکتوبر میں، اشیا اور خدمات کی، مجموعی ٹیکس وصولی میں 9 فیصد اضافہ ہوکر یہ ایک اعشاریہ آٹھ سات لاکھ کروڑ روپے سے زیادہ ہوگئی۔ یہ اضافہ گھریلو فروخت اور GST وصولی پر بہتر طریقے سے عمل درآمد کی وجہ سے ہوا ہے۔ یہ وصولی ابھی تک کی سب سے زیادہ وصولی کے بعد دوسرے نمبر پر ہے۔

مرکزی GST وصولی اِس ماہ کے دوران 33 ہزار 821 کروڑ روپے، ریاستی GST وصولی 41 ہزار 864 کروڑ روپے، مربوط IGST وصولی 99 ہزار 111 کروڑ روپے اور محصول کی رقم 12 ہزار 550کروڑ روپے رہی۔

اکتوبر 2023 میں کُل وصولی ایک اعشاریہ سات دو لاکھ کروڑ روپے تھی جبکہ اکتوبر 2024 میں یہ دوسرے نمبر کی سب سے زیادہ وصولی رہی۔

اپریل 2024 میں سب سے زیادہ وصولی دو اعشاریہ ایک صفر لاکھ کروڑ روپے سے زیادہ کی تھی۔

GSTوصولی کی اِس رقم سے، بھارتی معیشت کے صحتمند رجحان کا پتہ چلتا ہے۔ اِس اضافے کی وجہ گھریلو کھپت اور درآمداتی سرگرمیاں ہیں۔

ماہرین کا کہنا ہے کہ جی ایس ٹی وصولی میں یہ اضافہ تہواروں کے موقع پر اشیا کی فروخت اور جی ایس ٹی وصولی پر  بہتر عمل درآمد کی وجہ سے ہوا ہے۔x

**Mandaviya Awards**

کھیل کود اور نوجوانوں کے امور کے وزیر منسکھ مانڈویا نے نوجوانوں سے باوقار نوجوانوں کے قومی انعامات 23-2022 کیلئے درخواستیں پیش کرنے کی اپیل کی ہے۔ یہ انعامات، انفرادی زمرے میں 15 سال سے 29 سال کے نوجوانوں اور سماجی خدمات اور ترقی کے مختلف شعبوں میں تعاون دینے اور بہترین کام کرنے والی تنظیموں کو تفویض کئے جاتے ہیں۔ اِن شعبوں میں صحت، انسانی حقوق کے فروغ، سرگرم شہری خدمات اور کمیونٹی خدمات شامل ہیں۔

یہ انعام انفرادی زمرے میں تمغے، سرٹیفکیٹ اور ایک لاکھ روپئے نقد پر مشتمل ہے، جبکہ تنظیموں کو تین لاکھ روپے کے نقد رقم بطور انعام دی جاتی ہے۔

جناب مانڈویا نے زور دے کر کہا کہ یہ انعام محض ایک ستائش نہیں ہے بلکہ سبھی کی شمولیت والے اور ترقی پسند بھارت کی نوجوان قیادت کے پروان چڑھنے کا جشن ہے۔

**Byte: Dr. Mandaviya**

نوجوانوں کے قومی انعامات 23-2022 کیلئے وزارتِ داخلہ کے کامن ایوارڈ پورٹل پر درخواستیں طلب کی جارہی ہیں۔

درخواستیں پیش کرنے کی آخری تاریخ 15 نومبر ہے۔x

**Gujarati New Year**

دنیا بھر میں گجراتی برادری آج اپنا نیا سال منا رہی ہے۔ گجرات میں ہندو کیلنڈر وکرم سموَت کے کارتک مہینے کے پہلے دن نیا سال منایا جاتا ہے۔ گجراتی نیا سال جو **Bestu Varsh** کے نام سے بھی جانا جاتا ہے، آج ریاست بھر میں روایتی جوش و خروش کے ساتھ منایا جا رہا ہے۔

**(V/C Aparna Khunt)**

**گجرات میں ہندو کیلنڈر وکرم سموَت کے کارتک مہینے کے پہلے دن نیا سال منایا جاتا ہے۔ Bestu Varshکے نام سے معروف گجراتی نئے سال کے موقع پر اہم مندروں میں عقیدتمندوں کی بڑی تعداد جمع ہوتی ہے اور لوگ بھگوان کا آشیرواد لیتے ہیں۔ لوگ اپنے گھروں کی صفائی کرتے ہیں اور Bestu Varsh کے ض من میں مہمانوں کے استقبال کے لیے داخلی دروازوں کو رنگولی سے سجایا جاتا ہے۔ تاجر اور کاروباری گھرانے اپنے تجارتی مقامات پر پوجا کرتے ہیں اور اپنی دکانوں کو پانچ دنوں کے لیے بند رکھتے ہیں۔ لوگ اپنے اطراف قریبی افراد کے گھر جاکر Nutan Varshabhinandan کہہ کر نئے سال کی مبارکباد دیتے ہیں۔اِس دوران ایک دوسرے کو مٹھائیاں بھی پیش کی جاتی ہیں۔**

**احمد آباد سے اپرنا کھنٹ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں.........**

**Badminton Hylo Open**

**بھارتی بیڈمنٹن کھلاڑی مالوکہ بنسوڑ اور آیوش شیٹی جرمنی کے Saarbruken میں جاری Hyloاوپن بیڈمنٹن ٹورنامنٹ کے سیمی فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔**

**خواتین کے سنگلز کے کَل کھیلے گئے کوارٹر فائنل میں چھٹے درجے کی مالوکہ بنسوڑ نے چوتھے درجے کی ویتنام کی Nguyen Thuy Linh کو شکست دی۔ سیمی فائنل میں آج مالوکہ کا مقابلہ ڈنمارک کی Julie Dawall سے ہوگا۔ وہیں Jakobsen نے بھارت کی 17 سالہ کھلاڑی رکشِتا سری سنتوش رام راج کو ہرا دیا۔**

**مردوں کے سنگلز مقابلوں میں 19 سالہ آیوش شیٹی نے فن لینڈ کے Kalle Koljonen کو شکست دی۔ فائنل میں آج آیوش شیٹی کا مقابلہ فرانس کے Christo Popov سے ہوگا۔**

**ساتویں درجے کے بھارت کے ستیش کمار کروناکرن کے میچ سے پہلے دستبردار ہوجانے کی وجہ سے Popov کو فائنل میں داخلہ ملا ہے۔x**

**India NZ Cricket**

**کرکٹ میں بھارت اور نیو زیلینڈ کے درمیان ممبئی میں جاری تیسرے اور آخری ٹیسٹ میچ میں بھارت اپنے گذشتہ کَل کے اسکور، چار وکٹ پر 86 رن سے آگے کھیلنا شروع کرے گا۔**

گذشتہ کَل کھیل ختم ہونے پر  شبھمن گل 31 رن بناکر، رشبھ پنت کے ساتھ کریز پر موجود تھے۔ اِس سے پہلے نیوزی لینڈ نے ٹاس جیتا اور پہلے بلے بازی کرتے ہوئے 235 رن بنائے۔ رونددر جڈیجہ نے پانچ جبکہ واشنگٹن سندر نے چار وکٹ حاصل کئے۔ جڈیجہ، سابق گیندباز ظہیر خان اور اِشانت شرما کو پیچھے چھوڑتے ہوئے بھارت کی جانب سے ٹیسٹ میچ میں سب سے زیادہ وکٹ لینے والوں کی فہرست میں پانچویں مقام پر پہنچ گئے ہیں۔x

## Muhurat Trading

بامبے اسٹاک ایکسچینج BSE اور نیشنل اسٹاک ایکسچینج NSE نے کَل شام مہورت ٹریڈنگ کی۔ اِس طرح سَموَت 2081 کا آغاز ہوگیا ہے۔

BSEعدد اشاریے میں 335 پوائنٹس یا صفر اعشاریہ چار دو فیصد کا اضافہ ہوا اور یہ اُناسی ہزار 724 پر بند ہوا جبکہ NSE کے عدد اشاریے نفٹی میں 99 پوائنٹس یا صفر اعشاریہ چار ایک فیصد کا اضافہ ہوا اور یہ 24 ہزار 304 پر بند ہوا۔

کاروبار سے پہلے کا سیشن، شام پانچ بجکر 45 منٹ پر شروع ہوا اور شام 6 بجے ختم ہوا جبکہ معمول کا کاروبار    شام 6 بجے سے شام 7 بجے تک جاری رہا۔x

## Govardhan Pooja UP

اترپردیش میں پوری ریاست میں مذہبی جوش و خروش کے ساتھ گوروردھن پوجا منائی جا رہی ہے، خاص کر متھرا۔ورنداون کے علاقے میں جہاں بھگوان کرشن کے عقیدت مند بڑی تعداد میں جمع ہوئے ہیں۔

پیش ہے ایک رپورٹ

## V/C Sushil

غیر ملکی افراد، مقامی لوگوں کے ساتھ ساتھ سیاح اور پورے ملک سے آنے والے عقیدتمندوں نے متھرا ورنداون میں شری کرشن کے مختلف مندروں میں پوجا ارچنا کی اور مقدس گووردھن کیParikarma کی۔

عقیدتمند بھگوان کو چھپن بھوگ چڑھا رہے ہیں اور کھانے کا ڈھیر لگا رہے ہیں جسے Anna Kootکہا جاتا ہے۔

اس موقع پر لوگ اپنی گائے کو بھی سجا رہے ہیں اور اسکی پوجا کر رہے ہیں۔

کچھ مندوروں میں کل بھی گووردھن پوجا کی گئی تھی۔

دوارکا دھیش مندر میں کل ایک بڑی تقریب کا انعقاد کیا گیا تھا جبکہ بہت سے مندروں میں آج گووردھن پوجا کی جا رہی ہے۔ کل بندیل کھنڈ علاقے میں مشہور لٹھ مار دیوالی بھی منائی گئی۔

لکھنو سے سشیل چند تیواری کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں......

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**IMD Weather**

بھارتی محکمہئ موسمیات IMD نے تمل ناڈو، پڈوچیری اور کرائکل میں آج شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ محکمے نے یہ بھی کہا ہے کہ اگلے دو دنوں میں کیرالہ اور ماہے میں ہلکی سے درمیانی بارش ہو سکتی ہے۔

IMDکے مطابق اگلے دو سے تین دنوں میں شمال اور مشرقی بھارت میں کم سے کم درجہئ حرارت اور کمی آنے کا امکان ہے۔

محکمہئ موسمیات نے دہلی NCRمیں کل تک رات اور صبح کے اوقات میں دھواں اور دھند رہنے کی بھی پیشگوئی کی ہے۔

دہلی NCRخطے میں ہوا کا معیار خراب کے زمرے میں رہے گا۔

آلودگی پر قابو پانے والے مرکزی بورڈCPCB کے مطابق دہلی کا ہوا کے معیار کا انڈیکس AQI آج صبح 298 ریکارڈ کیا گیا۔

CPCBکے اعداد و شمار کے مطابق شہر کے متعدد حصوں میں AQI بے حد خراب زمرے میں ہے۔x

**India US Vajra Prahar**

بھارت-امریکہ مشترکہ خصوصی دستوں کی پندرہویں مشقیں Vajr Prahar آج امریکہ کے شہر Idahoمیں Orchard Combat تربیتی مرکز میں شروع ہوں گی۔ یہ مشقیں اِس مہینے کی 22 تاریخ تک جاری رہیں گی۔ پچھلی مشقیں پچھلے سال دسمبر میں میگھالیہ کے شہر اُمروئی میں منعقد ہوئی تھیں۔ بھارتی اور امریکی فوج کے درمیان یہ اِس سال کی دوسری مشقیں ہیں۔ پچھلی مشقیں ''یُدھ ابھیاس 2024'' ستمبر میں راجستھان میں منعقد کی گئی تھیں۔

دفاع کی وزارت نے بتایاکہ دونوں ملکوں کے دستے، پینتالیس-پینتالیس اہلکاروں پر مشتمل ہیں۔ بھارتی فوج کی نمائندگی خصوصی دستوں کے یونٹس اور امریکی فوجی دستے کی نمائندگی امریکہ کے Green Berets کر رہے ہیں۔

Vajr Prahar مشقوں کا مقصد مل کر کام کرنے کی صلاحیت اور خاص طور پر چھوٹے ہتھیاروں کو استعمال کرنے کے اپنے تجربات سے ایک دوسرے کو واقف کرانا ہے۔x

یہ تھی خبریں۔

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: آسیہ میمونہ

شکریہ - اسلم بیگ

راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے اردو اخبارات نے دیوالی کے بعد دہلی میں آلودگی کی سطح بڑھنے کی خبر کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا کی شہ سرخی ہے:

دہلی کا اے کیو آئی 400 سے متجاوز، پابندی کے باوجود پٹاخے چھوڑے گئے۔

روزنامہ پرتاپ نے دہلی کے وزیر ماحولیات گوپال رائے کی جانب سے دہلی میں بڑھتی فضائی آلودگی سے نمٹنے کے لیے 200 موبائل اینٹی اسموگ گن کو تعینات کرنے کی خبر کو صفحۂ اول شائع کیا ہے۔

روزنامہ ملاپ نے وزیراعظم مودی کی جانب سے ہریانہ، مدھیہ پردیش اور کرناٹک کے یوم تاسیس کے موقع پر مبارکباد دینے کی خبر کو نمایاں طور پر پیش کیا ہے۔ روزنامہ انقلاب نے وزیراعظم مودی کی اقتصادی مشاورتی کونسل کے چیئرمین ووبک دیب رائے کے انتقال کی خبر کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔ وزیراعظم نے گہرے رنج و غم کا اظہار کیا۔

اور عالمی خبروں میں:

روزنامہ پرتاپ کی خبر ہے بھارت اور البانیہ نے کئی مسائل پر دو طرفہ بات چیت کی۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا نے اسپین میں سیلاب کی تباہی سے ہلاکتوں کی تعداد بڑھ کر 155 ہونے کی خبر کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے تہواروں کے دنوں میں مسافروں کی سہولتوں اور سفر سے متعلق انتظامات کا جائزہ لینے کیلئے نئی دلّی ریلوے اسٹیشن کا دورہ کیا۔

2 جھارکھنڈ اسمبلی انتخابات کیلئے داخل کی گئی نامزدگیاں، واپس لینے کے بعد اب کُل ایک ہزار 211 امیدوار میدان میں رہ گئے ہیں۔

3 اکتوبر کے مہینے میں جی ایس ٹی کی وصولی، ابھی تک کی سب سے زیادہ وصولی کے بعد دوسرے نمبر پر رہی۔ یہ وصولی ایک اعشاریہ آٹھ سات لاکھ کروڑ روپے رہی۔

4 حکومت نے باوقار، نیشنل یوتھ ایوارڈز 23-2022 کیلئے درخواستیں طلب کی ہیں۔

5 دنیا بھر میں گجراتی برادری آج نیا سال منارہی ہے۔

6 اور بھارتی بیڈمنٹن کھلاڑی Malvika Bansod اور آیوش شیٹی، جرمنی میں Hylo اوپن بیڈمنٹن ٹورنامنٹ کے سیمی فائنلز میں پہنچ گئے ہیں۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-----------------------------------